# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## (شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 27 جولائی، 2017ء

**جناب عبدالغفار سومرو نے قائم مقام چیف الیکشن کمشنر کا حلف اٹھا لیا۔**

جناب عبدالغفار سومرو نے قائم مقام چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان کا حلف اٹھالیا۔ جناب جسٹس الطاف ابرہیم نے ان سے عہدے کا حلف لیا۔ اس سلسلے میں ایک پر وقار تقریب حلف برداری الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ جس میں الیکشن کمیشن کے سئینر افسران نے شرکت کی۔ چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا 16 ویں کیمرج کانفرنس میں شرکت کے لئے انگلینڈ روانہ ہوں گئے ہیں۔ اس دوران میں جناب عبدالغفار سومرو قائم مقام چیف الیکشن کمشنر کے طور پر اپنے فرائض سرانجام دینگے۔ قانون کے مطابق چیف الیکشن کمشنر کی عدم موجودگی کی صورت میں سئینر ممبر الیکشن کمیشن بطور چیف الیکشن کمشنر خدمات سرانجام دیتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆